بسم اللہ الرحمن الرحیم

# عورت کا یوٹیوب پر مرد شیف کی ویڈیو دیکھنا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

یوٹیوب پر بعض مرد شیف کھانا پکانے کی ویڈیو اپلوڈ کرتے ہیں، کیا کوئی خاتون کھانا پکانا سیکھنے کے لئے کسی مرد شیف کی ویڈیو دیکھ سکتی ہے؟

## جواب

عورت، مرد شیف کی ویڈیو دیکھ سکتی ہے جبکہ شہوت کا اندیشہ نہ ہو۔ تاہم اگر شہوت کا اندیشہ بھی ہو، تو پھر دیکھنے کی اجازت نہیں۔

بہار شریعت میں بحوالہ فتاوی عالمگیری ہے: "عورت کا مرد اجنبی کی طرف نظر کرنے کا وہی حکم ہے، جو مرد کا مرد کی طرف نظر کرنے کا ہے اور یہ اس وقت ہے کہ عورت کو یقین کے ساتھ معلوم ہو، کہ اس کی طرف نظر کرنے سے شہوت نہیں پیدا ہوگی اور اگر اس کا شبہہ بھی ہو تو ہرگز نظر نہ کرے۔" (بہار شریعت، جلد3، حصہ16، صفحہ443، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2602

تاریخ اجراء: 22جمادی الاولیٰ 1447ھ/14 نومبر 2025ء